www.wilayattimes.com
اشاعت کا تیسرا سال

ہفت روزہ
WILAYAT TIMES

ولایت ٹائمز

سرینگر

الله کی ولایت مومنین اور متقین پر ہے وہ انھیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے

جلد:04☆ شمارہ نمبر:20☆ تاریخ:14 مئی 2018 تا 20 مئی 2018ء بمطابق 27 شعبان 03 رمضان 1439ھ☆ صفحات:16

جوہری معاہدہ سے امریکی فرار عالمی بحران کا پیش خیمہ

یہ جو دھشتگردی ہے.... اسکے پیچھے امریکہ گردی ہے

> اگر ہم عالم اسلام کا جائزہ لیں تو امریکہ نے گذشتہ دس برسوں میں ایسے ایسے جرائم اور سازشیں کی ہیں کہ اسے مرگ بر کہتے ہوئے ہماری آواز میں شدت پیدا ہوگی، ہم مرگ بر امریکہ کا شعار بلند کرتے ہوئے یمن کے مظلوم بچوں اور بے گناہ و معصوم لوگوں کو اپنے ذہن میں رکھیں. ہم امریکہ مردہ باد کہتے ہوئے فلسطین کے بے سہارا، ستم رسیدہ، گھروں سے بے دخل کر دیئے گئے، مسلمان بھائیوں اور ان کی خواتین کی عزتوں کی پامالی، بچوں کی دلدوز چیخیں اور اجڑے فلسطین کے در و دیوار کو ذہن میں رکھیں تو ہماری صدا بہت بلند ہو جائے گی. ہم مرگ بر امریکہ کا شعار بلند کرتے ہوئے عراق میں جھوٹ کی بنیاد پر کئے گئے امریکی حملوں اور ہزاروں ٹن بارود کی بارش میں مارے گئے بے گناہ عراقیوں کی ٹکڑوں میں بٹی لاشوں کو ذہن میں رکھیں تو یہ شعار بلند کرتے ہوئے ہمارا جذبہ یقیناً بہت دیدنی ہو گا.

تحریر: ارشاد حسین ناصر

مسلمانوں کی تمام تر مصیبتوں کا ذمہ دار امریکہ ہے، امام خمینی کا یہ فرمان بہت پہلے سنا اور پڑھا۔۔۔ شہید قائد علامہ عارف حسین الحسینی کی زبانی جو حقیقت میں پاکستان میں امام خمینی کے فرزند تھے، ان کی فکر کے صحیح منعکس کرنے والے تھے۔ انہیں امام خمینی کے افکار کو پاکستان کی سرزمین پر درست انداز میں یعنی مکمل اخلاص کیساتھ منعکس کرنے کی سزا دی گئی اور وہ ہم سے اسی وجہ سے چھین لئے گئے کہ وہ سمجھوتہ نہیں کرتے تھے مگر امام سے ایک انچ بھی پیچھے نہ ہٹنے کا قول انہوں نے ہی نبھایا، اگر وہ سمجھوتہ کرنے والے ہوتے تو کسی بھی طور ہم سے جدا نہ کئے جاتے۔ انہوں نے امام خمینی کی انقلابی فکر کو پاکستان کے انقلابی نوجوانوں میں رائج کیا اور اپنی ہر دلعزیز شخصیت اور جاذبہ سے انہیں اپنا گرویدہ بنایا۔ نوجوان ان پر جان نچھاور کرنے کیلئے تیار رہتے تھے، شہید قائد نے بارہا امریکہ کے جرائم کو گنواتے ہوئے یہاں پر اس کے ارادوں کو خاک میں ملانے کا عزم دہرایا۔ انہوں نے ایران کیساتھ اپنے تعلق کو کبھی چھپایا نہیں بلکہ برملا کہا کہ ایران ہمارا سب کچھ ہے، ہم ایران کے خلاف پاکستان کی سرزمین استعمال نہیں ہونے دینگے۔ یاد رہے کہ ان دنوں میں بلوچستان میں ایران کے خلاف امریکی اڈوں کی خبریں زبان زد عام تھیں۔ شہید قائد علامہ سید عارف الحسینی کی فکر یہی تھی کہ مسلمانوں کی تمام تر مصیبتوں کا ذمہ دار امریکہ ہے، وہ یہ بیان کرتے تھے کہ امام معصوم کا فرمان ہے کہ "جس نے صبح کی اور اس کے دل و دماغ میں اپنے علاوہ دوسرے مسلمانوں کی فکر نہ ہو تو وہ اصلاً دائرہ اسلام سے خارج ہے۔"

اس ناطے سے مسلمان جہاں کہیں بھی آباد تھے، چاہے ان کا تعلق افغانستان سے تھا یا ایران سے، وہ لبنان کے مسلمان ہوں یا شام کے، مسلمانوں کا تعلق فلسطین سے ہو یا کشمیر سے، وہ عراق سے ہوں یا ایران سے، جہاں جہاں بھی مسلمانوں پر ظلم کیا جاتا تھا، شہید قائد نے ان کے حق میں آواز بلند کرنا اپنا فریضہ سمجھا اور امام کے فرمان کی عملی تائید کی۔ وہ ہمیشہ کہتے، لبنان و فلسطین میں اسرائیل جو ظلم ڈھا رہا ہے ہمیں ان کے بارے میں آواز بلند کرنا چاہیئے۔ وہ کہتے کہ آج اگر ہم رہبر انقلاب اسلامی کے حکم پر یوم القدس یا کوئی اور دن منانے کا اہتمام کرتے ہیں تو فوراً آوازیں اٹھتی ہیں کہ پاکستان کے باہر دوسرے مسلمانوں سے ہمارا کیا واسطہ؟ کیا ہماری یہ مشکلات امریکہ کی پیدا کردہ نہیں ہیں؟ امریکہ بین الاقوامی سطح پر مسلمانوں کے خلاف سازشوں میں مشغول ہے اور اسی طرح آج آپ کیلئے چھوٹے چھوٹے مسائل پیدا کر کے بھائی کو بھائی سے لڑا کر اپنے لئے میدان خالی کرتا ہے، ہم اپنے اساسی اور بنیادی مسائل کو بھول جاتے ہیں، یہ مسائل و مشکلات و اختلافات کفر اور امریکہ ایجاد کر رہا ہے تو ہم کیوں نہ اس امریکہ کے خلاف آواز بلند کریں جو اس وقت خود بھی دہشت گرد ہے اور دہشت گردی کی سرپرستی بھی کر رہا ہے۔

شہید قائد کے ان افکار سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ دہشت گردی اور دہشت گردوں کی سرپرستی امریکہ کا کوئی نیا کھیل نہیں، یہ اس کا اولین روز سے وطیرہ رہا ہے، اس نے ہمیشہ مسلمانوں کے خلاف ایسے ہی سازشیں کی ہیں اور مسلمان حکمرانوں کو اپنے دام میں پھنسا کر ان کے وسائل پر قبضہ اور ان کے جغرافیے کو تبدیل کرنے کی سازشیں کی ہیں۔ امریکہ کا یہ جرم بھی ناقابل برداشت ہے کہ اس نے ہمیشہ امت مسلمہ کی صحیح اور عوامی قیادتوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر ان میں قیادت و رہبری کا خلا پیدا کیا ہے اور اس خلا میں اپنے بونے قسم کے جعلی لیڈر سامنے لایا ہے، تا کہ تنظیموں و تحریکوں کو اپنے حق میں استعمال کر سکے۔ اس کی بہت سی مثالیں موجود ہیں، ہم پاکستان کی مثال کو ہی دیکھ سکتے ہیں کہ کس طرح امریکہ نے ایک آمر کے ذریعے ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دلوائی اور پاکستان کو ایسے قیادت کے بحران کا شکار کیا، جس سے آج تک قوم نکل ہی نہیں سکی۔ اسی طرح قائد شہید کی المناک شہادت امریکی جرائم اور سازشوں کا وہ حصہ ہے، جس کے تحت امام خمینی کی فکر کے وارث انقلابی و روحانی طور پر مضبوط رہنماؤں کو پوری دنیا میں راستے سے ہٹایا گیا تاکہ انقلاب مزید نہ پھیل سکے۔ اس میں عراق کے مہدی الحکیم، لبنان کے موسیٰ الصدر (انہیں اغوا کیا گیا احتمالاً شہید) شہید عباس موسوی، ایران کے انقلاب کے بعد بم دھماکوں میں نامور مجتہدین اور انقلاب لانے والی ٹیم کے ساتھ بہتر اراکین پارلیمنٹ کو شہید کروانے کا مقصد بھی انقلاب پر کاری ضرب لگانا تھا۔

شہید قائد نے امریکہ کو اسرائیل کی سرپرستی کے باعث ہی مردہ باد کہا اور اپنی قیادت کے زمانے میں باقاعدہ طور پر اسرائیل کے وجود کے دن 15 مئی سے اگلے روز پاکستان بھر میں یوم مردہ باد امریکہ منانے کا حکم دیا، جسے آج تک منایا جاتا ہے۔ تاریخ کی ورق گردانی کریں تو امریکہ کے جرائم کی فہرست بہت طویل ہے اور اس کا ہر جرم یہ تقاضا کرتا ہے کہ ہم اس کو ہر دن "مردہ باد" کہیں۔ اس لئے اس بات پر پریشان ہونے کی ضرورت نہیں کہ امسال پاکستان میں امریکہ مردہ باد کا دن تین تاریخ میں منایا جا رہا ہے۔ یہ اس برس ہے، مجلس وحدت مسلمین پاکستان جو ایک عوامی سیاسی و دینی تحریک ہے اس نے بھی اپنے سربراہ کے حکم پر اس بار 13 مئی کو یوم مردہ باد امریکہ کے طور پر منانے کا اعلان کیا تو بہت سے حلقے اس کو اختلاف کے طور پر پیش کرنے لگے، سوشل میڈیا کے اس دور میں ہر ایک کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنے خیالات کا برملا اظہار کر سکتا ہے، جیسا کہ اس سے قبل کہا گیا کہ امریکہ کے جرائم کی فہرست اتنی طویل ہے کہ اسے ہر دن صبح شام مردہ باد کیا جائے، اس کے خلاف کام کرنے کا جذبہ ابھارا جائے، اس کے جرائم کو اگلی نسلوں تک پہنچایا جائے، اس کو میدان میں للکارا جائے، اس کے خلاف جو بن سکے کیا جائے، ہمیں امریکہ کے خلاف اقدامات اٹھاتے ہوئے کسی جھجک یا گھبراہٹ کا شکار نہیں ہونا چاہیئے۔ وہ مسلمانوں کا کھلا دشمن ہے، بلاشک وشبہ امریکہ شیطان اکبر ہے، اس کو اس کی شیطانیوں کی سزا دی جانی چاہیئے۔

اگر ہم عالم اسلام کا جائزہ لیں تو امریکہ نے گذشتہ دس برسوں میں ایسے ایسے جرائم اور سازشیں کی ہیں کہ اسے مرگ بر کہتے ہوئے ہماری آواز میں شدت پیدا ہوگی، ہم مرگ بر امریکہ کا شعار بلند کرتے ہوئے یمن کے مظلوم بچوں اور بے گناہ و معصوم لوگوں کو اپنے ذہن میں رکھیں۔ ہم امریکہ مردہ باد کہتے ہوئے فلسطین کے بے سہارا، ستم رسیدہ، گھروں سے بے دخل کر دیئے گئے، مسلمان بھائیوں اور ان کی خواتین کی عزتوں کی پامالی، بچوں کی دلدوز چیخیں اور اجڑے فلسطین کے در و دیوار کو ذہن میں رکھیں تو ہماری صدا بہت بلند ہو جائے گی۔ ہم مرگ بر امریکہ کا شعار بلند کرتے ہوئے عراق میں جھوٹ کی بنیاد پر کئے گئے امریکی حملوں اور ہزاروں ٹن بارود کی بارش میں مارے گئے بے گناہ عراقیوں کی ٹکڑوں میں بٹی لاشوں کو ذہن میں رکھیں تو یہ شعار بلند کرتے ہوئے ہمارا جذبہ یقیناً بہت دیدنی ہوگا۔ ہم امریکہ مردہ باد کہتے ہوئے لبنان پر امریکی و اسرائیلی یلغار اور مشرق وسطیٰ کا نقشہ تبدیل کرنے کے ارادوں کو ذہن نشین رکھیں تو ہمیں اس خونخوار کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے یقیناً سرور آجائے گا۔ ہمیں امریکہ مردہ کہتے ہوئے شام میں گذشتہ چھ سال کے دوران اپنے ایجنٹوں کے ذریعے کی گئی تباہی اور مقدسات اسلامی کو پیش آنے والے خدشات و خطرات کو رفع کرنے کیلئے پیش کی جانے والی عظیم قربانیوں کو یاد کرنا ہوگا، پھر دیکھیں کہ امریکہ مردہ باد کا شعار کس زور سے ہمارے گلے سے نکلتا ہے۔

ہمیں امریکہ مردہ کہتے ہوئے اس کے لے پالک خونخوار اور مسلمانوں کے قلب میں خنجر کی مانند اسرائیل جس کی پارلیمنٹ میں لکھا ہے کہ اے اسرائیل تیری حدود مصر کے دریائے نیل سے لیکر عراق کے دریائے فرات تک ہیں، کو ذہن میں رکھنا ہوگا کہ یہ اسی کا ناجائز بچہ ہے، جس نے اپنے ناجائز وجود کے دن سے لیکر تادم تحریر لاکھوں مسلمانوں کا بے گناہ خون کیا ہے اور اسے امریکی چھتری میسر ہے۔ اقوام متحدہ میں ہمیشہ اس کے خلاف آنے والی قراردادوں کو امریکہ نے ہی ویٹو کیا ہے، وگرنہ بقول امام راحل اگر مسلمان مل کر ایک ایک بالٹی پانی اسرائیلی سرحد سے اس کی طرف پھینکیں تو یہ اسی سے ڈوب جائے۔ دنیا بھر میں اس وقت جہاں جہاں بھی دہشت گردی کا بازار گرم ہے، چاہے وہ افغانستان ہو یا پاکستان، عراق ہو یا شام، لبنان ہو یا یمن، حجاز ہو یا فلسطین، صومالیہ ہو یا لیبیا، ہر جگہ اس کے پس پردہ یا بظاہر امریکہ اور اس کا لے پالک اسرائیل ہی ہے، پھر اسے کیوں نہ مردہ باد کہا جائے۔ اس مردہ باد کو کیوں ایک دن تک محدود کیا جائے، انہیں ہر دن کیوں نہ مردہ باد کرنے کی کوشش کی جائے اور یہ جو ہمارے ہاں ایک نعرہ پر وحدت کیا جا رہا ہے، اس کو بھی درست کرنے کی ضرورت ہے کہ یہی حقیقت ہے۔۔۔۔

یہ جو دہشت گردی ہے
اس کے پیچھے امریکہ گردی ہے

ولایت ٹائمز
14مئی2018ء تا20مئی 2018ء

کشمیریت، پتھراؤاور میڈیا کا پروپگنڈا

وادی میں جاری حالیہ احتجاجی لہروں کے دوران دو ایسے واقعات رونما ہوئے جن سے کشمیریت کی دیرینہ اور عالی شان روایت داغدار ہوئی۔ پہلا واقعہ شوپیاں میں پیش آیا جب نامعلوم افراد نے ایک اسکول گاڑی پر پتھراؤ کیا جس کے نتیجے میں 2 کمسن طالب علم زخمی ہوئے اور دوسرا واقعہ چند روز قبل نار بل میں پیش آیا جب سنگ بازی کے دوران چنئی کا رہنے والا ایک سیاح ہلاک ہوا۔ گو کہ متذکرہ دونوں واقعوں کی کشمیری لیڈروں نے، بلا لحاظ صف بندی و سیاسی نظریات، پُرزور الفاظ میں مذمت کی اور عام لوگوں نے بھی ان مذموم واقعوں کے خلاف اظہار رنج وغم کیا۔ وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے جہاں ان واقعوں کو دلخراش و کشمیری اقدار کے منافی قرار دیا وہیں مشترکہ مزاحمتی قیادت نے بھی ان واقعوں کو افسوس ناک قرار دیتے ہوئے انہیں شرمندگی کا موجب ہونے سے تعبیر کیا لیکن قومی الیکٹرانک میڈیا کو کشمیریت کو بدنام کرنے کا موقعہ ہاتھ آیا اور انہوں نے ایسا مچھلی بازار گرم کیا کہ نہ ہی تھمنے کا نام لیتا ہے اور جس میں کشمیر کی دیرینہ مہمان نوازی، انسان دوستی اور مذہبی ہم آہنگی کی اقدار کو روندنے کیلئے پینلسٹس (panalists) ایک دوسرے پر سبقت لینے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کر رہے ہیں۔ یقینی طور پر یہ دونوں واقعے قابل مذمت بھی ہیں اور کشمیری اقدار کے منافی بھی لیکن یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے ماضی میں کشمیریوں نے غیر ریاستی سیاحوں کو نامساعد حالات میں تحفظ بھی فراہم کیا ہے اور ان کیلئے قیام وطعام کا انتظام بھی کیا ہے یہاں تک کہ یاتریوں کیلئے تو کشمیریوں نے اپنی رگوں کا خون تک دیا ہے جس کی بسیار مثالیں تاریخ کے اوراق میں محفوظ ہیں۔

ایسی صورتحال میں جہاں مشہور دہر کشمیری اقدار کو زندہ و تابندہ رکھنے کی ضرورت ہے وہیں موجودہ حساس دور میں حد درجہ احتیاط برتنا لازمی ہے جوش وجذبہ میں باہوش رہ کر جملہ اقدار کو ملحوظ نظر رکھنے کی ضرورت ہے کسی ایسے فعل کا ارتکاب نہیں کرنا ہے جو قوم کیلئے باعث خجالت وشرمندگی ہو۔ اس ضمن میں لیڈروں سے لیکر عوام تک سبھوں کو دور اندیشی اور عاقبت اندیشی کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ احتجاجوں، ہڑتالوں یا حکومتی بندشوں یا کرفیو کے دوران اسکول گاڑیاں، ایمبولنسز اور سیاحوں کی گاڑیاں ہر بندش مستثنیٰ ہونی چاہئیں۔ نظم ونسق اور ڈسپلن کی پابندی ایک قوم کے مہذب ومتمدن ہونے کا ہی بین ثبوت ہوتا ہے جس کا عملی مظاہرہ کرنے کی ضرورت ہے۔

جوہری معاھدے سے ٹرمپ کی علیحدگی
اسرائیل اور سعودیہ کی تائید

تحریر: ثاقب اکبر

بالآخر امریکہ نے 2015ء میں ایران اور عالمی طاقتوں کے درمیان طے پانے والے جوہری معاہدے سے علیحدگی کا اعلان کر دیا ہے۔ اس اعلان پر پوری دنیا کی طرف سے مایوسی، تشویش، ناپسندیدگی اور مذمت کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ اس فیصلے کی تائید صرف دو ممالک نے کی ہے۔ ان میں سے ایک اسرائیل ہے اور دوسرا سعودی عرب ہے۔ اس معاہدے کے دیگر تمام فریقوں نے امریکہ کے اس اقدام پر مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ برطانیہ، فرانس اور جرمنی کا کہنا ہے کہ وہ امریکہ کی جوہری معاہدے سے دستبرداری کے باوجود اسے قائم رکھنے کے لئے پرعزم ہیں اور معاہدے کے دیگر فریقوں کے ساتھ مل کر کام کرتے رہیں گے۔ ایرانی صدر نے اس فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ان کا ملک امریکہ کے بغیر بھی اس جوہری معاہدے پر قائم رہے گا اور وہ اس حوالے سے چین، روس اور دیگر یورپی ممالک سے مشاورت کریں گے۔ ایرانی صدر ڈاکٹر حسن روحانی نے کہا کہ ہمیں یہ دیکھنے کے لئے انتظار کرنا ہوگا کہ پانچ دیگر بڑے ممالک کیا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہمارے مفادات کو نظر میں نہ رکھا گیا تو میں اپنے عوام سے بات کروں گا اور انہیں ان فیصلوں سے آگاہ کروں گا، جو اس سلسلے میں کئے جا چکے ہیں۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے معاہدے سے علیحدہ ہونے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اب ایران کے خلاف دوبارہ سخت پابندیاں عائد کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم سخت معاشی پابندیاں عائد کریں گے، کوئی بھی ملک جو ایران کے جوہری ہتھیاروں کے حصول کے مقاصد میں مدد کرے گا، اسے بھی امریکہ کی جانب سے سخت پابندیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ فرانسیسی صدر امانوئل میکرون نے اس امریکی فیصلے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فرانس، جرمنی اور برطانیہ کو اس امریکی فیصلے سے مایوسی ہوئی ہے۔ برطانوی وزیراعظم ٹریزا مے کا کہنا تھا کہ امریکی صدر کا جوہری معاہدے سے نکلنے کا فیصلہ افسوسناک ہے۔ روس نے بھی اس فیصلے پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ روس کو امریکی صدر کے اس فیصلے پر شدید مایوسی ہوئی ہے اور یہ اقدام بین الاقوامی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔ صہیونی ریاست اسرائیل کے وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل صدر ٹرمپ کے فیصلے کی قدر کرتا ہے۔ امریکہ میں سعودی سفیر کا کہنا ہے کہ سعودی عرب امریکی صدر کی جانب سے کئے جانے والے فیصلے کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ ہمیں ہمیشہ سے ہی ایران کی خطے میں دہشت گردی کی حمایت اور خطرناک میزائل پروگرام پر خدشات رہے ہیں۔

یورپی یونین نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جب تک تہران جوہری معاہدے میں کئے گئے اپنے عہد پر قائم ہے، یورپی یونین کے اراکین بھی اس معاہدے پر قائم رہیں گے اور کوشش کریں گے کہ ایران سے جو پابندیاں اٹھائی جا چکی ہیں، وہ پھر سے اس پر عائد نہ ہوں۔ برطانیہ، جرمنی اور فرانس نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ٹرمپ کا فیصلہ پشیمانی اور پریشانی کا باعث بنے گا۔ چین نے بھی ٹرمپ کے فیصلے پر اظہار افسوس کیا ہے۔ چین کی وزارت خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ اس معاہدے کو باقی رکھنے کے لئے وہ کسی کوشش سے دریغ نہیں کرے گا۔ ایک مغربی سفارتکار نے اس فیصلے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرمپ ان پابندیوں کو پھر سے نافذ کریں گے، جن کی پہلی قربانی ان کے یورپی اتحادی بنیں گے۔

ایران کے روحانی پیشوا آیت اللہ خامنہ ای نے 9 مئی 2018ء صبح تہران میں یوم اساتذہ کے موقع پر ایک جمعیت سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کل رات آپ نے سنا کہ امریکی صدر نے کس سطح کی گھٹیا اور پست باتیں کیں۔ انہوں نے اپنی گفتگو میں شاید دس سے زیادہ جھوٹ بولے۔ انہوں نے ہماری حکومت کو بھی دھمکیاں دیں اور ہماری قوم کو بھی اور کہا کہ میں یہ کروں گا، میں وہ کروں گا۔ میں ایرانی قوم کی طرف سے کہتا ہوں کہ ٹرمپ آپ غلط کر رہے ہیں۔ انہوں نے اپنی گفتگو میں مزید کہا کہ میں پہلے ہی کہتا تھا کہ امریکہ کو ایران سے جوہری پروگرام پر مسئلہ نہیں بلکہ یہ ایک بہانہ ہے۔ اس پر بعض لوگ کہتے تھے کہ ایسا نہیں ہے۔ اب آپ نے دیکھ لیا ہے کہ یوں نہ تھا، ہم نے معاہدے کو قبول کر لیا، لیکن اسلامی جمہوریہ ایران سے ان کی دشمنی ختم نہ ہوئی۔ اب انہیں علاقے میں ہماری موجودگی اور ہمارے میزائل پروگرام سے مسئلہ پیدا ہو گیا ہے۔ اگر ہم اس میں بھی ان کی بات مان لیں تو بھی مسئلہ ختم نہ ہوگا، وہ کوئی نیا مسئلہ شروع کر دیں گے۔ اسلامی جمہوریہ کے نظام سے امریکہ کی دشمنی کی وجہ یہ ہے کہ امریکہ ہم پر پوری طرح تسلط چاہتا ہے، جبکہ ہمارے انقلاب نے اس کا راستہ روک رکھا ہے۔ جو کچھ ہوا ہے، یعنی امریکی صدر کا گھٹیا اور پست طرز عمل، ہماری توقع کے خلاف نہیں ہے۔ یہی طرز عمل ماضی کے امریکی صدور کے دور میں بھی رہا ہے، ہر دور میں ایسا ہی رہا ہے۔ ایرانی قوم پوری قوت سے کھڑی ہے۔ پہلے امریکی صدور مر کھپ چکے ہیں اور ان کی ہڈیاں بھی بوسیدہ ہو چکی ہیں اور اسلامی جمہوریہ اسی طرح قائم و دائم ہے۔ یہ صاحب بھی خاک ہو جائیں گے اور ان کا بدن سانپوں اور بچھوؤں کی خوراک بن جائے گا اور اسلامی جمہوریہ اسی طرح قائم رہے گا۔

آیت اللہ خامنہ ای نے مزید کہا کہ اب کہا جا رہا ہے کہ تین یورپی ممالک کے ساتھ ہم اس معاہدے کو جاری رکھیں گے، میں ان تینوں پر بھی اعتماد نہیں رکھتا، آپ بھی ان پر اعتماد نہ کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں پہلے دن سے بار بار کہتا رہا ہوں کہ امریکہ پر بھروسہ نہ کرنا۔ میں نے کہا تھا کہ اگر آپ چاہتے ہیں تو معاہدہ کر لیں۔ پہلے ضروری حفاظتی اقدامات کر لیں، پھر معاہدہ کریں۔ میں نے کہا تھا کہ معاہدے کی ایک شرط یہ ہونا چاہیے کہ امریکی صدر اس پر دستخط کرے۔ ہماری حکومت کے محترم ذمہ داروں نے زحمت کی، اپنا پسینہ بہایا اور خوب کوشش کی، لیکن وہ یہ دستخط حاصل نہ کر سکے۔ ہم نے اڑھائی برس اس قرارداد پر عمل کیا اور اب یہ پست شخص کہہ رہا ہے کہ میں اسے قبول نہیں کرتا۔ ظاہراً ایرانی حکومت جس کی سربراہی ایرانی صدر ڈاکٹر روحانی کرتے ہیں، کا طرز عمل سفارتی ہے اور وہ سفارتکاری کی زبان استعمال کر رہے ہیں۔ انہیں دیکھنا بھی چاہیے کہ دیگر پانچ بڑی طاقتیں کیا طرز عمل اختیار کرتی ہیں۔ انہیں خاص طور پر روس اور چین سے مشورہ کرنا ہوگا کیونکہ ان دونوں ممالک کا یورپی ممالک کی نسبت ایران کے ساتھ تعاون کا بہتر رشتہ رہا ہے۔ شاید روس کو بھی توقع نہیں کہ یورپی ممالک اس پرکار بند رہ سکتے ہیں۔

اس سلسلے میں ہم نے ایک یورپی سفارتکار کا قول نقل کیا ہے، جن کا کہنا ہے کہ امریکی فیصلے کا پہلا شکار یورپی ممالک ہی ہوں گے۔ امریکہ ان ممالک کو کچھ مہلت ضرور دے گا تاکہ وہ ایران سے اپنے تجارتی معاہدوں پر نظر ثانی کر سکیں، نیز آئندہ کوئی نیا معاہدہ ایران کے ساتھ نہ کریں۔ بنیادی طور پر یورپی ممالک کی ترجیحات تاجرانہ ہے۔ ان کے تاجرانہ تعلقات امریکہ کے ساتھ کہیں زیادہ گہرے اور وسیع ہیں۔ امریکہ آج بھی دنیا کی سب سے بڑی اقتصادی اور فوجی طاقت ہے، یہ بڑے ممالک نیٹو میں بھی امریکہ کے فوجی اتحادی ہیں۔ بظاہر وہ امریکہ کے دباؤ کا زیادہ دیر مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔ اسی امر کی طرف ایران کے روحانی پیشوا نے بھی اپنے خطاب میں توجہ دلائی ہے۔ اس فیصلے سے ایران کی اقتصادیات پر ضرور منفی اثرات پڑیں گے، جو پہلے ہی بہت مضبوط نہیں ہے۔ لیکن دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے کہ امریکہ کی پابندیوں میں جینے کا ہنر تو ایرانی قوم اور حکومت سیکھ چکی ہے۔ ایران کو بہرحال ان پابندیوں کے مقابلے میں زندہ رہ کر دکھانا ہے یا پھر تمام انقلابی ارمانوں کو چھوڑ کر امریکہ کے سامنے سر تسلیم خم کرنا ہے، جبکہ تاریخ اس امر کی بھی شہادت دیتی ہے کہ جنہوں نے امریکہ کے سامنے سر جھکایا ہے، انہوں نے بھی امریکہ سے کچھ خیر نہیں پائی، جبکہ ایران نے جرات واستقامت کا مظاہرہ کرتے ہوئے علاقے میں ایک نئی قوت حاصل کی ہے اور اپنے اثر ورسوخ میں خاطر خواہ اضافہ کیا ہے۔

ایران کی ماضی کی پالیسیوں کے خطے میں اثرات اور عوام میں مقبولیت کے نتائج کو سامنے رکھا جائے تو یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ استقامت کے راستے سے بالآخر اسے سرخروئی حاصل ہوگی۔ امریکہ اور خطے میں ان کے اتحادیوں کی ایران مخالف تمام تر سازشوں کے باوجود ہم دیکھ رہے ہیں کہ عراق میں داعش کو شکست دینے میں ایران نے بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ شام میں ایران کے تعاون کے بغیر دہشت گردوں کو شکست نہیں دی جا سکتی تھی۔ تازہ ترین خبروں کے مطابق لبنان میں حزب اللہ اور اس کے اتحادی انتخابات میں حتمی کامیابی حاصل کر چکے ہیں اور مستقبل کی حکومت یقینی طور پر اسی اتحاد کی بننے جا رہی ہے۔ اس اتحاد کو ایران کی واضح حمایت حاصل ہے۔ یہ کامیابیاں ایران کی تمام تر اقتصادی اور سفارتی مشکلات کے باوجود ہیں۔ ایران کے روحانی پیشوا آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے مذکورہ بالا بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایران اپنی استقامت وجرات کی پالیسی کو جاری رکھے گا اور امریکہ اور اس کے حواریوں کی تمام تر پابندیوں اور سازشوں کا پامردی سے مقابلہ کرے گا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ کارخانہ قدرت سے مستقبل کی کیا صورت برآمد ہوتی ہے۔

جوہری معاہدہ سے امریکی فرار عالمی بحران کا پیش خیمہ

عالم اسلام اچھی طرح واقف ہے کہ استعمار ایران کے جوہری پروگرام سے خوفزدہ نہیں ہے، کیونکہ ایران پہلا ملک نہیں ہے جو نیوکلیائی طاقت کا حامل بنا ہے۔ امریکہ کو یہ ڈر ستا رہا ہے کہ جو ملک بغیر جوہری طاقت کے ہماری گیدڑ بھبکیوں سے نہیں ڈرا وہ جوہری طاقت حاصل کرنے کے بعد ہماری دھمکیوں سے کیا ڈرے گا۔ چلئے مان لیتے ہیں کہ ایران کا جوہری پروگرام پر امن نہیں ہے، تو امریکہ اور اسکے اتحادیوں نے جوہری طاقت کے حصول کے بعد دنیا کے لئے کونسا امن و آشتی کا فارمولہ پیش کیا ہے۔



عادل فراز

ایران جوہری معاہدہ سے امریکہ کا فرار ہونا تعجب خیز نہیں ہے۔ ہمیں اس کا اندازہ تبھی ہو گیا تھا جب امریکہ نے یروشلم کو اسرائیلی دارالحکومت تسلیم کرنے کا اعلان کیا تھا۔ یہ اعلان مسلم دنیا کو مشتعل کرنے کے لئے تھا مگر انہیں مشتعل کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے جن کا ضمیر مردہ اور ایمان نیلام ہو چکا ہو۔ اس اعلان پر پوری مسلم دنیا خاموش تماشائی بنی رہی کیونکہ کسی مسلمان ملک میں اتنی جرأت نہیں ہے کہ وہ امریکہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اپنے جائز حقوق کا مطالبہ کر سکے اور جو یہ جرأت رکھتے ہیں امریکہ کے ساتھ پوری مسلم دنیا اس کے خلاف متحد ہو جاتی ہے۔ حیرت کی بات ہے کہ بیت المقدس کو قبلۂ اول کا درجہ دینے والے مسلمان امریکہ کے اس فیصلے پر مہر بلب تھے۔ اس خاموشی کا راز ان سے کسی نے نہیں پوچھا اور جو اس خاموشی کا علم رکھتے تھے انکے لبوں پر بھی سونے اور چاندی کی مہریں جڑ دی گئیں۔

ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں معاہدہ کی تنسیخ کے بعد تقریر کرتے ہوئے کہا کہ "اس جوہری معاہدہ کا مقصد امریکہ اور اسکے اتحادیوں کو محفوظ رکھنا تھا لیکن اس معاہدہ نے ایران کو یورینیم کی افزودگی جاری رکھنے کی اجازت دیدی۔ تباہ کن ایران جوہری معاہدہ امریکہ کے لئے شرمندگی کا باعث ہے۔ یہ معاہدہ ایران کو عدم استحکام پھیلانے بشمول دہشت گردی کی معاونت جیسی کارروائیوں سے نہیں روکتا"۔ آخر ٹرمپ کے دل کی بات زبان پر آ ہی گئی۔ امریکہ خطہ میں عدم استحکام کا ذمہ دار ایران کو تسلیم کرتا ہے۔ امریکہ کے دہن میں بھی اسکی اپنی زبان نہیں ہے بلکہ یہ زبان اسرائیل کی ادا ہوتی ہے جو رٹو طوطے کی طرح وہی دہراتی ہے جو اسرائیل چاہتا ہے۔ اگر خطہ میں عدم استحکام کی تمام تر ذمہ داری ایران پر عائد ہوتی ہے تو پھر امریکہ اور اسکے اتحادیوں کی افواج مشرق وسطیٰ میں ڈیرہ کیوں ڈالے ہوئے ہیں؟۔ ابھی تک شام میں استحکام برقرار نہیں ہو سکا ہے۔ یمن ابھی تک امن کا منتظر ہے۔ عراق اور افغانستان میں امریکی فوجیوں کی موجودگی وہاں کے عوام کے لئے پریشان کن ہے، اسکے باوجود امریکہ اپنی غلطیوں اور جنایت کاریوں کا الزام دوسروں کے سر تھوپنے کا عادی ہے۔ حقیقت یہ ہے استعماری طاقتیں یمن اور شام میں اپنی شکست سے بوکھلائی ہوئی ہیں۔ سعودی عرب یمن میں استعمار کے ایجنڈے کو عملی جامہ پہنانے میں بری طرح ناکام رہا ہے۔ یمن کو ٹکڑوں میں تقسیم نہیں کیا جا سکا اور نہ استعماری زر خرید منصور ہادی اور عبداللہ صالح کو یمنی عوام پر دوبارہ مسلط کرنے میں کامیابی ملی ہے۔ حوثیوں کی مختصر سی جماعت کی مزاحمت کو ختم کرنا تو کوں چنے چبانے سے بھی زیادہ سخت ثابت ہو رہا ہے۔ حوثیوں نے سعودی عرب اور اسکے سیاسی پشت پناہی کرنے والوں کی طاقت کو کھلے میدان میں ٹکر دی ہے اور اب تک "ھل من مبارز" کا نعرہ بلند کر رہے ہیں۔ لبنان میں حزب اللہ جیسی مقاومتی تنظیم، جس پر ایرانی حمایت یافتہ ہونے کا الزام ہے، کو شکست نہیں دی جا سکی ہے۔ حزب اللہ جو بیک وقت کئی محاذ پر نبرد آزما ہے اور استعماری طاقتوں کو ہر محاذ پر منہ کی کھانی پڑی ہے، لہذا امریکہ کی مثال "کھسیانی بلی کھمبا نوچے" والی ہو گئی ہے۔ اس پر یہ کہ حزب اللہ اور اسکے سیاسی اتحادیوں کو ایک بار پھر لبنانی انتخابات میں سنہری کامیابی ملی ہے جو استعمار کو ہضم نہیں ہو رہی ہے۔ اس لئے اب آئے دن نت نئے ہتھکنڈے استعمال کئے جائیں گے اور طرح طرح کے منصوبے اور سازشیں معرض وجود میں آئیں گی۔ امریکہ کا جوہری معاہدہ سے فرار کرنا غیر متوقع عمل نہیں ہے۔ اس کی پیشین گوئی آیت اللہ سید علی خامنہ ای نے اسی وقت کر دی تھی جب امریکہ سے یہ معاہدہ طے پایا تھا مگر اس وقت آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے کور ناقدین نے انکی اس پیشین گوئی کا تمسخر کیا تھا لیکن آج وہی ناقدین اس طرح چپ ہیں جیسے انہیں سانپ سونگھ گیا ہو۔

دوسری طرف استعمار ایران میں عدم استحکام اور خانہ جنگی کو فروغ دینے میں بری طرح ناکام رہا ہے۔ گزشتہ دنوں مہنگائی کے خلاف جو عوامی مظاہرے ہوئے انہیں استعمار اپنے مفاد میں پوری طرح استعمال نہیں کر سکا۔ استعمار چاہتا ہے کہ ایرانی عوام پر ایک بار پھر اپنے گماشتوں کو مسلط کر کے ایرانی عوام کو اپنا غلام بنا لیا جائے۔ امریکہ سب کچھ برداشت کر سکتا ہے مگر مسلمان ممالک پر مذہبی افراد کی حکومت برداشت نہیں کر سکتا۔ ایسا مذہبی طبقہ جو نظام ولایت فقیہ کا قائل ہو اور اس نظام کو انسانیت کی فلاح کا ضامن تصور کرتا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ ٹرمپ معاہدہ کی تنسیخ کے بعد وائٹ ہاؤس میں اپنے شیطانی ارادوں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایران کی جمہوری حکومت کو ہٹا کر ایک نیا نظام قائم کرنا چاہتے ہیں۔ یہ اعلان جوہری معاہدہ کی تنسیخ کے پس پردہ کارفرما ذہنیت کو بالکل واضح کر دیتا ہے۔ ایران کو تباہ کرنے کے لئے امریکہ کو اب تک کوئی ایسا جواز نہیں مل سکا ہے جسکے ذریعہ وہ اپنے اتحادیوں کے ساتھ پوری دنیا کو مطمئن کر سکے۔ لہذا اسرائیل کے ذریعہ ایرانی جوہری پروگرام کی فرضی فائلیں عام ہونے کے فوراً بعد امریکہ کا جوہری معاہدہ سے فرار کر جانا سوچی سمجھی سازش کا حصہ ہے۔ امریکہ ایران کی جمہوری حکومت کا خاتمہ چاہتا ہے جس کے لئے وہ انقلاب اسلامی ایران کی کامیابی کے بعد سے مسلسل کوششیں کرتا آ رہا ہے مگر ہر بار اسے شکست کا منہ دیکھنا پڑا ہے۔ 2015ء میں جوہری معاہدہ کے بعد امریکہ سمیت پوری دنیا کو یہ یقین تھا کہ ایران معاہدہ کی پاسداری نہیں کر سکے گا مگر ایسا نہیں ہوا۔ امریکہ منتظر تھا کہ ایران معاہدہ کو ختم کر دے تا کہ وہ ایران کے خلاف اپنی مفسدانہ اور تباہ کن پالیسیوں کو نافذ کر سکے لیکن ایران معاہدہ کی شرائط کا پابند رہا۔ بالآخر امریکہ انتظار کی تاب نہ لا سکا اور خود ہی معاہدہ کو ختم کر کے عالمی عدالت میں مجرم کی حیثیت سے کھڑا ہے مگر اسکی سزا معین کرنے کی جرأت کسی میں نظر نہیں آتی۔ یہ بھی قابل غور ہے کہ آخر امریکہ ایران کے خلاف اس قدر سازشوں میں کیوں مصروف ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ امریکہ ایران کی خود مختاری اور "غیر خدا کے آگے سر نہ جھکانے" کی ضد پر برانگیختہ ہے۔ اگر ایران بھی دوسرے مسلمان ملکوں کی طرح امریکہ کے تلوے چاٹنا شروع کر دے تو آناً فاناً میں تمام پابندیاں ہٹا دی جائینگی اور دیگر مراعات بھی ایران کو مل جائینگی لیکن ایران کا نعرہ ہے "جو خدا سے ڈرتا ہے وہ کسی سے نہیں ڈرتا"۔ اس نعرہ نے ہی امریکہ کو شیطانی منصوبہ بندیوں پر اکسایا ہے اور وہ بتقاضائے اپنی فطرت سے باز نہیں آئے گا۔

2017ء میں جس وقت ڈونالڈ ٹرمپ نے سعودی عرب اور اسکے اتحادی مسلمان ممالک کے ساتھ رازدارانہ اجلاس کیا تھا اسی وقت یہ طے ہو گیا تھا کہ استعمار اور اسکے زر خرید مسلمان ملکوں کی پالیسی کیا طے پائی ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ سعودی عرب اور اسکے اتحادی اپنے علاوہ پوری دنیا کے مسلمانوں کو احمق اور غیر سیاسی تصور کرتے ہیں جبکہ اب یہ واضح ہو چکا ہے کہ سعودی عرب اور اسکے سیاسی اتحادیوں کے مقاصد کیا ہیں۔ اس اجلاس کے فوراً بعد مشرق وسطیٰ کا سیاسی منظر نامہ جس تیزی کے ساتھ تبدیل ہوا ہے وہ اسکے منصوبوں اور سازشوں کو واضح کرنے کے لئے کافی ہے۔ اس منظر نامہ میں اہم موڑ اس وقت رونما ہوا جب اچانک اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے ایرانی نیوکلیائی پراجیکٹ کے فرضی دستاویز پیش کر کے ایران کو جوہری معاہدہ کا مخالف بتا کر دنیا کو حیران کر دیا۔ مگر اسرائیل کی اس منصوبہ بند سازش کا علم دنیا کو تھا لہذا کسی نے اسرائیل کے پروپیگنڈہ پر یقین نہیں کیا سوائے امریکہ کے۔ امریکہ نے نیتن یاہو کے فرضی انکشاف پر یقین کر کے ایرانی جوہری معاہدہ سے خود کو علاحدہ کر لیا۔ جبکہ اس معاہدہ کے محرک سابق امریکی صدر باراک اوباما نے ٹرمپ کے اس فیصلے کو غیر سیاسی اور تباہ کن بتایا ہے کیونکہ اوباما اچھی طرح جانتے ہیں کہ ٹرمپ کے اس احمقانہ فیصلے کا خمیازہ امریکہ اور اسکے اتحادیوں کے علاوہ پوری دنیا کو بھگتنا پڑے گا۔ اقوام متحدہ اور معاہدہ کے پابند دیگر ممالک نے بھی امریکی اقدام کی تائید نہیں کی ہے مگر یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا کہ اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا، کیونکہ ایران کے خلاف پوری دنیا کی ذہنیت ایک جیسی ہے اور اسکے اسباب بھی کسی سے مخفی نہیں ہیں۔

عالم اسلام اچھی طرح واقف ہے کہ استعمار ایران کے جوہری پروگرام سے خوفزدہ نہیں ہے، کیونکہ ایران پہلا ملک نہیں ہے جو نیوکلیائی طاقت کا حامل بنا ہے۔ امریکہ کو یہ ڈر ستا رہا ہے کہ جو ملک بغیر جوہری طاقت کے ہماری گیدڑ بھبکیوں سے نہیں ڈرا وہ جوہری طاقت حاصل کرنے کے بعد ہماری دھمکیوں سے کیا ڈرے گا۔ چلئے مان لیتے ہیں کہ ایران کا جوہری پروگرام پر امن نہیں ہے، تو امریکہ اور اسکے اتحادیوں نے جوہری طاقت کے حصول کے بعد دنیا کے لئے کونسا امن و آشتی کا فارمولہ پیش کیا ہے۔ امریکہ کا یہ کہنا کہ "ایران کا جوہری پروگرام خطہ میں عدم استحکام اور دہشت گردی کو فروغ دینے کے لئے ہے" مضحکہ خیز ہے۔ وہ ملک جس نے پوری دنیا کو دہشت گردی کی بھٹی میں جھونک دیا ہو اسے مشرق وسطیٰ میں استحکام کی فکر ستا رہی ہے۔ جبکہ خطہ میں جتنی بھی دہشت گردی ہے اسکے پیچھے امریکہ و اسرائیل کا ہاتھ ہے۔ عراق کی تباہی کے بعد جو رپورٹ منظر عام پر آئی ہے جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ جارج بش اور اسکے اتحادیوں کا عراق پر حملہ کرنا ایک سیاسی غلطی تھی، کیا امریکہ اور اسکے اتحادی ممالک اپنی اس غلطی پر عراقی عوام سے معافی طلب کریں گے؟ عراقی عوام کا جو جانی و مالی و تاریخی نقصان ہوا ہے اسکا جبران ممکن ہے؟۔ آج بھی امریکہ وہی غلطی دہرا رہا ہے جو اسکے شرمندہ ماضی کی یادگار ہے۔ مگر امریکہ یہ یاد رکھے کہ ایران، عراق نہیں ہے۔ ایران کی عوام اور علماء نے کبھی قربانیوں اور کسی بھی طرح کے ایثار سے گریز نہیں کیا ہے۔ لہذا کسی غیر سیاسی اقدام سے پہلے اسکے عواقب پر اچھی طرح غور کر لیا جائے تو بہتر ہوگا۔

adilfaraz2@gmail.com

کشمیری جنگجو نوجوان فوج کا مقابلہ کرنے کے اہل نہیں: فوجی جنرل بپن راوت

جنگ بندی کیلئے مشروط رضا مندی ظاہر

سری نگر/ کے این این/ آرمی چیف نے جنگ بندی پر "مشروط رضامندی" ظاہر کرتے ہوئے واضح کیا کہ کشمیری جنگجو نوجوان فوج کا مقابلہ کرنے کے اہل نہیں۔ تاہم انہوں نے سوالیہ انداز میں کہا کہ اس بات کی ضمانت کون دے گا کہ سیکورٹی و پولیس اہلکاروں، سیاسی کارکنوں اور دوسرے لوگوں پر کوئی حملہ نہیں ہوگا۔ جنرل بپن راوت نے کشمیر اور کشمیریوں کی آزادی کو خارج از امکان قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ کشمیر مسئلے کا کوئی فوجی حل ممکن نہیں۔ فوج کے سربراہ نے کہا کہ کشمیری نوجوانوں کو یہ بات سمجھ لینی چاہئے کہ انہیں بندوق اٹھانے سے کبھی آزادی نہیں ملے گی۔ انہوں نے کشمیری نوجوانوں میں ملی ٹینسی کے تئیں بڑھتے رجحان کو تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ میرے لئے جنگجوؤں کی ہلاکت کے اعداد و شمار معنی نہیں رکھتے کیونکہ مجھے لگتا ہے کہ کشمیر میں یہ عمل چلتا رہے گا۔

کے این این مانیٹرنگ ڈیسک کے مطابق آرمی چیف جنرل بپن راوت نے کہا ہے کہ وہ لوگ جو کشمیری نوجوانوں کو ہتھیار اٹھانے کی ترغیب دیکر اسے آزادی کا راستہ قرار دیتے ہیں، بقول آرمی چیف دراصل ایسے لوگ نوجوانوں کو گمراہ کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں کشمیری نوجوانوں کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ وہ غیر ضروری طور پر جذباتی نہ ہوں، وہ کیوں ہتھیار اٹھاتے ہیں، انہیں کبھی آزادی نہیں ملے گی۔ کشمیری نوجوانوں کے ہتھیار اٹھانے کے بڑھتے واقعات پر جنرل بپن راوت نے اظہار تشویش کیا۔ موقر انگریزی روزنامہ انڈین ایکسپریس کو دیئے گئے انٹرویو میں آرمی چیف نے کہا کہ کشمیری نوجوانوں کو سمجھانے کی ضرورت ہے کہ وہ فوج سے نہیں لڑ سکتے اور انہیں آزادی کبھی نہیں ملے گی۔ انہوں نے کہا ہمیں کشمیری نوجوانوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ آزادی ممکن نہیں ہے۔ یہ کبھی نہیں ملے گی۔ جنرل راوت کا کہنا تھا کہ کشمیری نوجوان کیوں ہتھیار اٹھا رہے ہیں؟ انہوں نے سخت لہجے میں کہا کہ ہم ان سے ہمیشہ لڑیں گے جو آزادی مانگ رہے ہیں اور بھارت سے علیحدگی چاہتے ہیں۔ آرمی چیف نے کہا کہ وہ ان نوجوانوں کو لیکر تشویش میں ہیں جو راستہ بھٹک گئے ہیں اور آزادی لینے کیلئے ہتھیار اٹھا رہے ہیں۔ جنرل راوت نے کہا کہ انہیں انکاؤنٹروں میں مارے جارہے ملی ٹنٹوں کی تعداد سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ انہوں نے کہا کہ میرے لئے یہ اعداد و شمار معنی نہیں رکھتے کیونکہ مجھے لگتا ہے کہ یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔ جنرل راوت مانتے ہیں کہ کشمیر میں لوگ ملی ٹنسی کے ساتھ مسلسل جڑ رہے ہیں، تاہم وہ کہتے ہیں کہ یہ سب بیکار ہے کیونکہ انہیں (کشمیری نوجوانوں) کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ آرمی چیف کا کہنا تھا کہ کشمیری نوجوان بندوق اٹھا کر فوج سے نہیں لڑ سکتے۔

